ONE VOICE

FELLOWSHIP

# Worship Service

**March 28, 2021**

## Welcome

Clément Tendo

## Call to Worship | Psalm 118: 15-29

Kevin & May Faulkner | *English & Chinese*

Psalm 118:15-29

15 在义人的帐棚里，
有欢呼和得胜的声音，说：
*(Glad songs of salvation*
*are in the tents of the righteous:)*

"The right hand of the Lord does valiantly,

16 the right hand of the Lord exalts,
the right hand of the Lord does valiantly!"

17 我必不至于死，我要活下去，
并且要述说耶和华的作为。
*(I shall not die, but I shall live,*
*and recount the deeds of the Lord.)*

18 The Lord has disciplined me severely,
but he has not given me over to death.

19 请你们为我打开正义的门，
*(Open to me the gates of righteousness,)*

that I may enter through them
and give thanks to the Lord.

20 这是耶和华的门，
义人才可以进去。
*(This is the gate of the Lord;*
*the righteous shall enter through it.)*

21 I thank you that you have answered me
and have become my salvation.

22 建筑工人所弃的石头，
成了房角的主要石头；
*(The stone that the builders rejected*
*has become the cornerstone.)*

23 This is the Lord's doing;
it is marvelous in our eyes.

24 这是耶和华所定的日子，
*(This is the day that the Lord has made;)*

let us rejoice and be glad in it.

25 耶和华啊！求你施行拯救；
耶和华啊！求你使我们亨通。
*(Save us, we pray, O Lord!*
*O Lord, we pray, give us success!)*

26 Blessed is he who comes in the name of the Lord!
We bless you from the house of the Lord.

27 耶和华是　神，
他光照了我们。
*(The Lord is God,*
*and he has made his light to shine upon us.)*

Bind the festal sacrifice with cords,
up to the horns of the altar!

28 你是我的　神，我要称谢你；
你是我的　神，我要尊崇你。
*(You are my God, and I will give thanks to you;*
*you are my God; I will extol you.)*

29 Oh give thanks to the Lord, for he is good;
for his steadfast love endures forever!

## Song of Praise | Hosanna

Praise team | *English*

I see the King of glory
Coming on the clouds with fire
The whole earth shakes
The whole earth shakes

I see His love and mercy
Washing over all our sin
The people sing
The people sing

*Chorus*
Hosanna Hosanna
Hosanna in the highest
Hosanna Hosanna
Hosanna in the highest

I see a generation
Rising up to take their place
With selfless faith
With selfless faith

I see a near revival
Stirring as we pray and seek
We're on our knees
We're on our knees

*Bridge*
Heal our hearts and make them clean
Open up our eyes to the things unseen
Show us how to love
Like You have loved us

Break our heart for what breaks Yours
Everything we are
For Your kingdom's cause
As we walk from earth into eternity

*Chorus*
Hosanna Hosanna
Hosanna in the highest
Hosanna Hosanna
Hosanna in the highest

## Song of Praise | Hosanna (Hosanna in the Highest)

**Praise team** | *English*

Hosanna, Hosanna, hosanna in the highest
Lord we lift up your name
With our hearts full of praise
Be exalted O Lord our God
Hosanna in the highest

Sing glory, sing glory sing glory to the King of kings
Lord we lift up your name
With our hearts full of praise
Be exalted O Lord our God
Hosanna in the highest

## Opening Prayer

**Abrham** | *English & Amharic*

## Scripture Reading | Matthew 21:1-11

**Kebron & Nebiat** | *Amharic*

**متی21: 1-11**

**باب 21**

1 ور جب وہ یروشلیم کے نزدِیک پُہنچے اور زیتُون کے پہاڑ پر بیت فگے کے پاس آئے تو یِسُوع نے
دو شاگردوں کو یہ کہہ کر بھیجا کہ

2 اپنے سامنے کے گاؤں میں جاؤ۔ وہاں پُہنچتے ہی ایک گدھی بندھی ہُوئی اور اُس کے ساتھ بچّہ پاؤ
گے اُنہیں کھول کر میرے پاس لے آؤ۔

3 اور اگر کوئی تُم سے کچھ کہے تو کہنا کہ خُداوند کو اِن کی ضرُورت ہے۔ وہ فِی الفَور اُنہیں بھیج
دے گا۔

4 یہ اِس لئِے ہُوا کہ جو نبی کی معرفت کہا گیا تھا وہ پُورا ہو کہ

5 صِیّھُون کی بیٹی سے کہو کہ دیکھ تیرا بادشاہ تیرے پاس آتا ہے۔ وہ حلِیم ہے اور گدھے پر سوار
ہے بلکہ لادُو کے بچّے پر۔

6 پَس شاگردوں نے جا کر جَیسا یِسُوع نے اُن کو حُکم دِیا تھا ویسا ہی کیا۔

7 اور گدھی اور بچّے کو لاکر اپنے کپڑے اُن پر ڈالے اور وہ اُن پر بَیٹھ گیا۔

8 اور بِھیڑ میں کے اکثر لوگوں نے اپنے کپڑے راستہ میں بِچھائے اور اَوروں نے دَرختوں سے
ڈالیاں کاٹ کر راہ میں پھیلائِیں۔

9 اور بِھیڑ جو اُس کے آگے آگے جاتی اور پِیچھے پِیچھے چلی آتی تھی پُکار پُکار کر کہتی تھی اِبنِ داؤد کو
ہوشعنا۔ مُبارک ہے وہ جو خُداوند کے نام سے آتا ہے۔ عالمِ بالا پر ہوشعنا۔

10 اور جب وہ یروشلیم میں داخِل ہُؤا تو سارے شہر میں ہل چل پڑ گئی اور لوگ کہنے لگے یہ کون
ہے؟

11 بِھیڑ کے لوگوں نے کہا یہ گلیل کے ناصرۃ کا نبی یِسُوع ہے۔

## Membership Vows

**All**

## Prayer | Our Father

**All**

**متی6: 9-13**

9 پَس تُم اِس طرح دُعا کِیا کرو کہ اَے ہمارے باپ تُو جو آسمان پر ہے۔ تیرا نام پاک مانا جائے۔

10 تیری بادشاہی آئے۔ تیری مرضی جیسی آسمان پر پُوری ہوتی ہے زمِین پر بھی ہو۔

11 ہمارے روز کی روٹی آج ہمیں دے۔

12 اور جِس طرح ہم نے اپنے قرضداروں کو مُعاف کِیا ہے تُو بھی ہمارے قرض ہمیں مُعاف کر۔

13 اور ہمیں آزمایش میں نہ لا بلکہ بُرائی سے بَچا [کیُونکہ بادشاہی اور قُدرت اور جلال ہمیشہ تیرے
ہی ہیں۔ آمین]

## Baptism

## Song of Praise | Yesu Azali Awa

**Praise team** | *Swahili, Spanish, & English*

***[Swahili]***
Yesu azali awa
Yesu azali awa
Yesu azali awa na biso

Alleluia, O Alleluia, Alleluia na Yesu!

***[Spanish]***
Jesucristo está aquí
Jesucristo está aquí
Jesucristo está en este lugar

Aleluya, Oh Aleluya, Aleluya a Jesús

***[Spanish]***
Jesus Christ is here with us
Jesus Christ is here with us
Jesus Christ is here with us, He is here

Alleluia, O Alleluia, Alleluia... He is here

***[Swahili]***
Yesu azali awa
Yesu azali awa
Yesu azali awa na biso

Alleluia, O Alleluia, Alleluia na Yesu!

**Leader: Louez Louez Louez**
All: Amen, Alleluia

**Leader: Louez Louez Louez**
All: Amen, Alleluia

**Leader: Louez Louez Louez**
All: Amen, Alleluia

## Song of Praise | Jalali Yesu

**You are full of grace & truth** *(men)*
You are full of grace & truth *(ladies)*
**Jalali Yesu** *(men)*
Jalali Yesu *(ladies)*

***Chorus***
**Jalali Yesu** *(men)*
Jalali Yesu *(ladies)*

***[Spanish]***
**Grande y bueno eres tú** *(men)*
Grande y bueno eres tú *(ladies)*

**Glorioso Cristo** *(men)*
Glorioso Cristo *(ladies)*

***Bridge*** *(All)*
You are glorious
Over all the earth (3x)
You are glorious!

**You are making all things new** *(men)*
You are making all things new *(ladies)*
**Jalali Yesu** *(men)*
Jalali Yesu *(ladies)*

**Jalali Yesu** *(men)*
Jalali Yesu *(ladies)*

## Tithes & Offerings

**Clément Tendo**

## Sermon | Ephesians 4:1-8

**Clément Tendo** | *English*

The sermon will be in your language on page 5.

## Respond in Song | Digne/Digno/Worship

**Praise team** | *French, English & Spanish*

Tu es digne
You are worthy
Eres digno
Digno de recibir

Mi pasado
Mi futuro
Eres digno
Digno de recibir

***Chorus***
Toda la gloria
Toda la honra
Lord, You are worthy
*Lord, You are worthy, forever worthy!*
God

You are worthy
Eres digno
Tu es digne
Digne de recevoir

Tout mon bonheur
Toutes mes souffrances
Tu es digne
Digne de recevoir

***Bridge***
Lord you are worthy, forever worthy
Lord you are worthy, forever worthy
Lord you are worthy, forever worthy
God

***Chorus***
Toda la gloria
Toda la honra
Lord, You are worthy
*Lord, You are worthy, forever worthy!*
God

## Communion

**Chris Sicks** | *English*

**Who can participate in the Lord's Supper?**

The Lord's Supper is a sacrament—a holy interaction between God and His people. It celebrates the spiritual union that Christians have with Christ. It is also called communion, because it strengthens the community we share with every brother and sister who trust in Jesus alone for salvation.

God's Word warns us that "Whoever eats the bread or drinks the cup of the Lord in an unworthy manner will be guilty concerning the body and blood of the Lord." (1 Corinthians 11:27) We must think carefully about this sacrament. It is only for those who:

1. have examined their conscience,
2. who truly understand the nature of the body of Christ,
3. who have committed their entire life to following Him,
4. who are members of a bible-believing church.

**Before you come to the table you must first come to Jesus in faith!**

We are not to judge people's hearts. Ask the Holy Spirit to examine your heart. If you are not sure about your relationship with Christ, do not participate in the sacrament. Instead, please let us pray for you. We love you and want you to join our community! But first you must be joined to Christ. Our leaders are available to talk and pray with you, to help you on your journey.

*"If you confess with your mouth that Jesus is Lord and believe in your heart that God raised him from the dead, you will be saved. For with the heart one believes and is justified, and with the mouth one confesses and is saved."* (Romans 8:9-10)

## Communion Song | Tera Lahoo Say Pap

**Kashif** | *Urdu*

## Prayer of Thanks

**Mae Klinger** | *English*

## We Respond, Rejoice, and Reach | Our promise as a church

**Chris Sicks** | *English*

**ALL:** By the power of the Holy Spirit,
we live in harmony with our brothers and sisters in Christ's Body.
We worship and glorify God the Father together with one voice.
And we welcome our neighbors as Christ welcomed us, for the glory of God.

## Benediction

**Chris Sicks** | *English*

# پرپیغام
# مسیحی چال چلن میں یگانگت

پیغام: Sunday, March 28, 2021

کلیمنٹ ٹینڈو کے وسیلہ

**آو دعا**

کریں۔اے باپ، آج ہم پہلے آپ کے پاس شکر گزار دل کے ساتھ آتے ہیں۔ہم آپکے کلام کے لئے اور یک آواز رفاقت کے لئے دل سے شکر گزار ہیں۔ہم شکر گزار ہیں کہ آج ہم آپکی آواز آپکے کلام کے وسیلہ سن سکتے ہیں۔جیسے ہم سنتے ہیں آپ ہم سے بات کرتے ہیں،ہماری آنکھیں اور کان کھول۔ہماری مدد کر کہ ہم خوشی سے جواب دے سکیں۔مجھے ایک الہ کار کے طور پر استعمال کر جو کچھ انہیں آپ بتانا چاہتے ہیں ۔یہ دعا ہم یسوع مسیح خداوند پر ایمان کے وسیلہ سے مانگتے ہیں۔آمین۔

خاکہ

1۔۔مسیحی چال چلن
(آیت1-3)

2۔ ہماری یگانگت کی بنیاد
(آیت 4-6 )

3 ۔ہماری یگانگت کے تحفے
(آیت7-8)

**اِفسیوں4: 1-8**

1پس میں جوخدا وند میں قیدی ہو تم سے التماس کرتا ہو کہ جس بلاوے سے تم بلائے گئے تھے اس
کے لائق چال چلو2 یعنی کمال فروتنی اور حلم کے ساتھ تحمل کرکے ایک دوسرے کی برداشت کرو3
اور اسی کوشش میں رہو کہ روح کی یگانگی صلح کے بند سے بندھی رہے4 ایک ہی بدن ہے اور ایک
ہی روح۔چنانچہ تمہیں جو بلائے گئے تھے اپنے بلائے جانے سے امید بھی ایک ہی ہے5 ایک ہی خدا
وند ہے ایک ہی ایمان-ایک ہی بپتسمہ6 اور سب کا خدا اور باپ ایک ہی ہے جو سب کے اوپر اور
سب کے درمیان اور سب کے اندر ہے7اور ہم میں سے ہر ایک پر مسیح کی بخشش کہ اندازہ کے
موافق فضل ہوا ہے8 اسی واسطے وہ فرماتا ہے کہ جب وہ عالمِ بالاپر چڑھا تو قیدیوں کو ساتھ لے
گیااور آدمیوں کو انعام دئے۔

**تعارف**

ہم کچھ وقت سے افسیوں کی کتاب کا مطالعہ کر رہے ہیں۔اس کتاب میں،پولس نہ صرف تفسیر کے بارے میں بات کررہا ہے۔ وہ یہ بھی کہتا ہے کہ ہم کیسے اس کے ساتھ زندگی گزار سکتے ہیں۔وہ لکھتا ہے کہ ہم نسل کے ذریعے سے نہیں بچاے گئے ،بلکہ صرف فضل سے ،ایمان کے ذریعے واحد یسوع مسیح میں جیسا کہ شریعت میں سکھایا گیا تھااور صرف خدا کے جلال کے لئے۔

جہاں کئی سے بھی آپ ہیں،جب تک آپ فضل میں ایمان کے وسیلہ سے مسیح یسوع میں متحد ہیں،آپ مسیح کےبدن کا حصہ ہیں۔اس حصہ میں ،پولس چاہتا ہے کہ ہم جانیں کہ ہماری یگانگت کا بانی مسیح یسوع ہے جس نے ہمیں متحد کرکے اپنے آپ میں ایک بدن بنایا ہے، مسیح کا بدن ہوتے ہوئے،ہم ایک ہی ایمان ،ایک ہی بپتسمہ اور ایک ہی امید۔ہم بلائے گئے ہیں تاکہ مسیح میں چلتے ہوئے ہم روح کی یگانگت کو قائم رکھ سکیں ۔آج ہم اس پر غور کرینگے۔

## 1۔۔مسیحی چال چلن
## (آیت1-3)

**مسیحی چال چلن یگانگت قائم رکھتا ہے۔چلیں ہم پہلی آیت کی طرف دیکھتے ہیں۔**

1۔ مسیحی چال چلن،مسیحی بلاہٹ کو عمل میں لاتی ہے۔اس کی وجہ یہ ہے کہ ہمیں خدا نے بچایا ہے اور ہمیں اس کی آواز کے مطابق چلناہے۔اس لئے ہم اس کا حکم ماننے کے قابل ہیں۔

2۔ ایماندار ہوتے ہوئے،ہم انسانیت اور بھلائی کی زندگی گزارتے ہیں۔

قدیم رومی زمانہ انسانیت اور حلیمی کی قدر نہیں کرتے تھے۔ہر شخص اپنی تعظیم چاہتا تھا۔لوگ اپنی بڑائی کے لئے دوسروں کو گرا دیتے تھے۔یہاں،پولس افسس کو تعلیم دے رہا ہے کہ اپنی تعظیم نہیں چاہئی،بلکہ اپنے آپ کو دوسرے ایمانداروں کےلئے حلیم بنانا ہے۔اسی لئے ہم بلائے گئے ہیں کہ ہم حلیم بنیں جب ہم دوسرے لوگوں کے ساتھ زندگی گزارتے ہیں۔لفظ بھلائی کا ترجمہ "حلیمی" بھی ہو سکتا ہے۔

حلیم آدمی یا عورت کسی کو غصہ یا ناراض نہیں کرتے، وہ جلدی سے خود بھی غصہ یا ناراض نہیں ہوتے۔ دوستو، یہ آپ میں اور مجھ میں کوئی عام بات نہیں ہے۔یہ ایک آسمانی قوت ہیں جو مسیحی بلاہٹ سے آتی ہے۔

مسیح انسانی محبت اور حلیمی کی حقیقی مثال ہے۔فلپیوں 2:5-11 میں ہم پڑھتے ہیں کہ

**فلپیوں2: 5-11**

(5)وَیسا ہی مزاج رکھو جیسا مسیح یِسُو ع کا بھی تھا۔

(6)اُس نے اگرچہ خُدا کی صُورت پر تھا خُدا کے برابر ہونے کو قبضہ میں رکھنے کی چِیز نہ سمجھا۔

(7)بلکہ اپنے آپ کو خالی کر دِیا اور خادِم کی صُورت اِختیار کی اور اِنسانوں کے مشابِہ ہو گیا۔

(8)اور اِنسانی شکل میں ظاہِر ہو کر اپنے آپ کو پَست کر دِیا اور یہاں تک فرمانبردار رہا کہ موت بلکہ صلیبی موت گوارا کی۔

(9)اِسی واسطے خُدا نے بھی اُسے بُہت سر بُلند کِیا اور اُسے وہ نام بخشا جو سب ناموں سے اعلیٰ ہے۔

(10)تاکہ یِسُو ع کے نام پر ہر ایک گُھٹنا جُھکے۔ خواہ آسمانیوں کا ہو خواہ زمِینیوں کا ۔ خواہ اُن کا جو زمِین کے نِیچے ہیں۔

(11)اور خُدا باپ کے جلال کے لِئے ہر ایک زُبان اِقرار کرے کہ یِسُوع مسیح خُداوند ہے۔

مسیح نے ہمیں چنا ہے کہ ہم گناہگار اس کے ساتھ زندگی گزاریں حالانکہ وہ بے گناہ تھا۔وہ ایسی موت مرا جس کے حق دار ہم تھے۔اس کے باوجود وہ آج تک حلیم ہے۔موت کا سامنا کرتے

ہوئے، اس نے کہا،"باپ انہیں معاف کر،کیونکہ یہ نہین جانتے کہ کیا کرتے ہیں"(لوقا 34:23)یہ مشکل ہے لیکن یہی سب کچھ کرنے کے لئے ہمیں بلایا گیا ہے۔جتنا مسیح کو آپ زیادہ جانتے ہیں،آپ مسیح کی طرح بنتے جاتے ہیں۔

اس سفر میں،مسلسل برداشت اور معافی کو ایک ساتھ رکھنا ہے۔وہ مرد یا عورت جو برداشت کررہا ہو وہی دوسروں کو برداشت کر سکتا ہے۔میں آپ کو یقین دلا سکتا ہو ں کہ ہم ایک دوسرے کا امتحان لےگے اور یہی وہ سب کچھ ہے جو گنہگار کرتے ہیں۔لیکن جب مسیح کی دی ہوئی حلیمی ہمارے اندر آتی ہے تو ہمیں معاف کرنے کی ،صبر رکھنے کی،مہربان ہونے کی، اور بھلائی کرنے کی طاقت مل جاتی ہے۔

پرانی کہاوت ہے کہ" **گائیں جس جگہ پر کھاتی ہیں وہی پر لڑتی ہیں"**۔یقیناً ہم گائیں نہیں ہیں۔ گنہگار لوگ ہمیشہ دوسروں کےلئے ٹھوکر کا باعث بنتے ہیں۔دوستو، جب تک ہم اکٹھے ہیں، ہم ایک دوسرے کوٹھیس پہنچائیں گے۔ہم ایک دوسرے کے صبر کا امتحان لینگے۔لیکن پولس ہمیں بلاتا ہے مسلسل برداشت اور حلیم رہنے کےلئے

**یہاں پر ایک مثال ہے۔**۔۔ایک شخص جو نیکاراگوا سے تھا اس کی شادی کے دن ،اس کے والدین مقررہ وقت سے 45 منٹ دیر سے پہنچے۔ دلہن کے والدین( جوکہ امریکن تھے)مقررہ وقت سے45 منٹ پہلے پہنچے۔زرا سوچیں اپنی شادی کےاس اہم موقع پر آپکی حالت کیا ہو گی۔آپ کیسا محسوس کریں گے کہ آپ کے رشتہ دار ہی دیر سے آ رہے ہیں؟میں شخصی طور پر برا محسوس کرونگا۔لیکن مسیحی ہوتے ہوئے ہمیں مسلسل برداشت کرنے کےلئے بلایا گیا ہے۔

مسلسل برداشت کرنا "اپنے آپ کو اندر سے مارنا نہیں ہے"؟یہ میرے آبائی شہر کی مثال ہےجب آپ اندر سے غمگیں ہواور خوش ہونے کا دیکھاوا کر رہے ہو۔اگر ہم انتخاب کرتے ہیں"اندر سے مرنے کا" تو ہم منافق ہیں۔ہم ایمان ندار نہیں اور خدا کی نظر میں گناہگار ہیں۔تو ہم اپنےدوست کی نظر میں بھی بے اعتقاد ہیں بالاخر خدا کی نظر میں بھی۔

اس کی بجائے،پولس ہمیں بلاتا ہے کہ ہم محبت میں سچ بول سکیں۔افسیوں 4:15-16 میں،پولس لکھتاہے۔

**اِفسیوں4: 15-16**

15بلکہ محبّت کے ساتھ سچّائی پر قائِم رہ کر اور اُس کے ساتھ جو سر ہے یعنی مسیح کے ساتھ پَیوستہ ہو کر ہر

طرح سے بڑھتے جائیں۔

16جِس سے سارا بدن ہر ایک جوڑ کی مدد سے پَیوستہ ہو کر اور گِٹھ کر اُس تاثِیر کے موافِق جو بقدرِ ہر حِصّہ ہوتی ہے اپنے آپ کو بڑھاتا ہے تاکہ محبّت میں اپنی ترقّی کرتا جائے۔

دوستو،ہم کلیسیا کو ایک جسم نہیں بنا سکتے یہ دیکھاوا کر کے کہ سب کچھ ٹھیک ہے جب کہ نہیں ہے۔ہمیں یہ کہنا ہے کہ سچائی ہی محبت ہے۔ اور اس طرح ہم بڑھیں گے۔

آیت 3 میں ہم یہ دیکھتے ہے کہ مسیحی چال چلن کا ہونا امن کے رشتہ میں روح کی یگانگت کو جھوڑے رکھتا ہے

**الف۔ یگانگت صرف خدا کے روح سے آتی ہے۔**

**ب۔ ہم اس امن کے رشتہ کو قائم رکھتے ہیں محبت میں ایک دوسرے کے ساتھ سچ بول کر۔**

کیاآپ کو وہ مثال یاد ہےجو میں نے شادی کے جوڑے کی دی تھی؟ دلہے کا خاندان 45 منٹ دیر سے آیا جبکہ دلہن کا خاندان 45 منٹ پہلے آیا۔کیا آپ یہ سوچتے ہے کہ یہ بات میاں اور بیوی کے درمیان لڑائی کا باعث ہے؟ہاں ،یقیناً۔

دوستو، اس جوڑے کی طرح،ہم ایک دوسرے کے ساتھ عہد میں ہیں۔ اور اس وجہ سے،ہمیں ایک دوسرے کے ساتھ محبت میں سچ بولنا ہے جب ہمیں میں سے کسی کی دلعزاری ہوئی ہو۔اگرمیں نے آپ کے ساتھ مہربان نہ ہونے کا دیکھاوا کیا ہے جانے یا انجانے میں،تو مہربانی فرما کر آپ میرے پاس آئیں۔مجھ سےمحبت میں سچ بولیں۔اسی سب کچھ کےلئے خدا نے ہمیں اپنے پاس بلایا ہے۔مجھے اس کی ضرورت ہے۔

لیکن یہ کیسے ممکن ہے؟ہمیں یگانگت کےلئے ایک مضبوط بنیاد چاہیے۔ یہ ہماری رہنمائی دوسرے نقطہ کی طرف کرتی ہے۔

## 2۔ ہماری یگانگت کی بنیاد (آیت 4-6)

**یہاں پر آپ نے لفظ"ایک" کتنی دفعہ پڑھا ہے؟**7 "ایک"۔ان میں سے تثلیث کی شخصیت کے لئے استعمال کئے گئے ہیں جبکہ باقی چار مسیحی زندگی کےلئے جوکہ ایک تحفہ کہ طور پر آتا ہے تثلیث کی شخصیت سے۔چلیں اب ہم دیکھتے ہے بار بار آئے ہوئے" ایک" کی طرف تفصیل سے۔

### 1۔ ایک بدن

اس لئے کہ بدن ٹھیک سے کام کرے، اراقین کو مل کر کام کرنا چاہیے۔میں اس شہر میں بڑھا ہوا ہو جہاں پر بہت سارے جوالہ مکھی پھٹنے کا تجربہ ہوا ہے۔میرا آبائی شہر گوما پتھریلا ہے ہم سستے جوتے نہیں خریدتے۔ جب میں 15 سال کا تھا،میں بہت برے طرح گرا اور میرے بائیں گھٹنے پر چوٹ آئی میں ٹھیک سے چل نہیں سکتا تھا۔ میں اپنے گھٹنے کے بارے پریشان تھا کہ کب ٹھیک سے چل سکونگا۔میرا دماغ پریشان تھا۔جبکہ میرا پورا بدن نہیں بلکہ میری ٹانگ اثر انداز ہوئی تھی،میرا پورا بدن یہ تکلیف برداشت کرتا تھا

دوستو، ہم مسیح کا بدن ہیں۔ اگر ہم میں سے ایک کی بھی دلعزاری ہوتی ہے،ہم سب کو اس میں سے گزرنا چاہیے ، ان کے لئے دعا کرنی چاہیے ان کو پیار کرنا چاہیے ہم سب ایک بدن ہیں۔آپ اور میں سب خدا کے گھر کی اینٹیں ہیں۔ مسیح کے بدن میں اتحاد اورہر طرح کے لوگ ہے یک آواز اس کی اچھی مثال ہے۔ہمارے پاس 5براعظموں سے لوگ ہیں۔چلیں دیکھتے ہیں پولس کیا کہتا ہے پہلا کرنتھیوں12:12-13 (توجہ کرتے ہوئے آیت 12-14 ،اور 26 پر)

**ا۔کرنتھیوں12: 12-14**

12۔کیونکہ جس طرح بدن ایک ہےاور اس کے اعضا بہت سے ہیں اوربدن کے سب اعضا گو بہت
سے ہیں مگر باہم مل کر ایک ہی بدن ہیں اسی طرح مسیح بھی۔13۔ہم سب نے خواہ یہودی ہوں
خواہ یونانی۔خواہ غلام ہوں خواہ آزاد۔ایک ہی روح کے وسیلہ سے ایک بدن ہونے کے لئے بپتسمہ لیا
اور ہم سب کو ایک ہی روح ملا ہے۔14۔چنانچہ بدن میں ایک ہی عضو نہیں بلکہ بہت سے ہیں

**ا۔کرنتھیوں12: 26**

26۔پس اگر ایک عضو دکھ پاتا ہے تو سب عضو اس کے ساتھ دکھ پاتے ہیں اور اگر ایک عضو عزت پاتا ہے توسب عضو اس کے ساتھ خوش ہوتے ہیں

مسیح نے ہمیں اپنے ساتھ اور ایک دوسرے کے ساتھ متحد رکھا ہے۔ جبکہ ہمارے اندر جو فرق ہے وہ بھی خدا کی طرف سے ہے۔اور یہ سب ہمارے اندر لڑائی کی وجہ نہیں ہونی چاہیے۔اس کی بجائے یہ خدا کے جلال اور اس کی بھلائی کو منانے کی وجہ ہونی چاہیے۔

## 2۔ ایک روح

ہم سب کو خدا کے ایک ہی روح سے زندگی دی گئی ہے۔مثال: ابھی،لفظ روح"نیوما" اس کا ترجمہ ایسے بھی کیا جا سکتا ہے"ہوا" زندگی کے لئے ضروری۔ ہم سب ایک ہی ہوا میں سانس لیتے ہیں۔ بھائی کاشف، کیا آپ یو -ایس میں پاکستانی ہوا میں سانس لیتے ہے؟بھائی یووی آپ بتایئے؟ کیا آپ توگولسیہ ہوا میں سانس لیتے ہے۔ یو-ایس میں؟ بلکل نہیں! ہم سب کے مختلف پھیپھڑے ہیں،لیکن ہم سب ایک ہی ہوا میں سانس لیتے ہیں۔ہم سب مسیحی ہیں مختلف ممالک سے ہوتے ہوئے بھی۔ کیونکہ خدا نے اپنے روح سے ہمیں زندگی دی ہے۔

اورکیو نکہ ہم سب کی ایک ہی روح ہے، اس لئے ہم مسیح کا بدن ہوتے ہوئے یگانگت میں رہتے ہیں۔

## 3۔ ایک امید

اور سب ایک ہی امید بانٹتے ہیں۔جو بھی یسوع مسیح پر ایمان رکھتا ہے اس کی ابدی زندگی ہے۔ یہ ہماری امید ہے۔ اور جب ہم ابدیت کی تیاری کرتے ہیں ہمیں یہاں پر بھی اس پر عمل کرنے کی ضرورت ہے۔ہم یک آواز کی رفاقت کے لئے خدا کے شکر گزار ہیں۔ایک دن ہم مسیح کے ساتھ ہو نگے، اور خدا کی موجودگی میں کامل اتحاد کا لطف اٹھائےنگے۔اس سے مجھے بڑی امید ملتی ہے۔

## 4۔ ایک خدا

ہم سب کے پاس "ایک اور یکساں "خدا ہے جس کی ہم خدمت کرتے ہیں۔ تو ، کیوں ہم مقابلہ کریں اور ایک دوسرے سے جھگڑا کریں؟ قدیم رومن دنیا میں ، مسیحیوں سے نفرت کی جاتی تھی کیونکہ انہوں نے قیصر کی بجائے کسی اور رب کا دعویٰ کیا تھا۔ انہیں مسیح کو تب تک مالک ماننے کی اجا زت تھی جب تک وہ قیصر کو مالک مانتے۔لیکن مسیح اور قیصر دو مختلف بادشاہ تھے،جوکہ دو مختلف ریاستوں پر حکمرانی کرتے تھے۔لیکن ہمارا"ایک اور یکساں " مالک یسوع مسیح ہے، جو ہمیں ایک بناتا ہے۔

فرانسسی کہتے ہیں ،"لیونٔ فیٹ لا فورس"لفظی مطلب ہے،یگانگت مضبوط بناتی ہے۔ بائبل نے بھی یہ نقطہ بیان کیا ہے۔ دو ایک سے بہتر ہیں(واعظ9:4-12)۔ہمیں یگانگت قائم رکھنے کے لئے بلایا گیا ہے اس خدا کی وجہ سے جو ہمارے پاس ہے۔اچھی بات یہ ہے کہ جو کچھ خدا ہم سے طلب کرتا ہے وہ اسکو کرنے کی طاقت بھی دیتا ہے۔تو،چلیےآئیں ہم طاقت کے لئے دعا کریں۔

## 5۔ ایک ایمان۔

ہم سب اس لئے یہاں پر ہیں کیونکہ ہم سب مسیح کو اپنا شخصی نجات دہندہ مانتے ہیں۔اگر آپ مسیح کو شخصی نجات دہندہ کے طور پر قبول نہیں کرتے،تو اب آپ کے پاس موقع ہے کہ آپ صرف یسوع پر ایمان لائیں،گناہوں سے توبہ کریں، اور اپنی سارے زندگی یسوع کے حوالے کردیں۔

کوئی بھی محنت کرکے نجات حاصل نہیں کرسکتا۔یہ فضل اور ایمان کے وسیلہ سے ہے کہ ہم سب بچائے جا چکے ہیں، تاکہ ان نیکیوں کی وجہ سے جو ہم کرتے ہیں۔یہ جاننا ہمیں حلیم بنا تا ہے اور پوری دینا میں ہمیں دوسرے ایمانداروں کے ساتھ متحد رہنے میں مدد دیتا ہے۔ہمیں ایک دوسرے کا خیر مقدم کرنے کا مطالبہ کرتا ہے جب ہم خوشخبری کا جواب دیتے ہیں،پرستش سے لطف اندوز ہوں،اور دوسروں تک پہنچیں تاکہ وہ مسیح میں آپکے ایمان کو جان سکیں اور اس کا تجربہ کر سکیں۔ (رومیوں5:15-7)۔یہ فضل ہمیں توفیق دیتا کہ ہم بھٹکے ہووں کو پیار کرسکیں،کیونکہ ہم بھی بھٹکے ہوئے تھے۔

## 6۔ ایک بپتسمہ

ہم سب مسیح کے خون سے دھل چکے ہیں اور یہی ہماری یگانگت کی بنیاد ہے۔بپتسمہ کا سکرامنٹ اس بات کو ظاہر کرتی ہے کہ ہماری نئی پیدائش ہوئی ہے۔(یوحنا 3) یہ اتحاد کی علامت ہے جو خدا عہد کے خاندان کو دیتا ہے۔ہم جو اس نشان کو رکھتے ہیں مسیح جو ہما را نجات دہندہ ہے اس میں متحد ہیں۔

## 7۔ سب کا ایک ہی خدا اور باپ ہے،جو تمام کا ہے، اور جو سب کے ذریعے اور سب میں ہے۔

ہمارا خدا اور باپ اعلیٰ اور خود مختار حکمران ہے۔ہم اس کے جلال کو پوری دنیا میں دیکھتے ہیں (زبور 19)۔ہم دیکھ سکتے ہیں کہ وہ سب پر حکمران ہے۔ ہمیں ڈرنے کی ضرورت نہیں ہیں،ہم اس پر بھروسہ کر سکتے ہیں ان سب چیزوں کےلئے جن کی ہمیں ضرورت ہیں۔ہم ایک دوسرے پر اپنی ساری پریشانیاں اور فکریں ڈال سکتے ہیں اس کی بجائے کہ ہم بےصبرے اور بےچین ہوں۔جیسے ہی ہم یہ کرتے ہیں، ہم تسلیم کرتے ہیں کہ خدا کا اختیار ہے۔جب ہم بےصبرے ہو جاتے،تو ہم ان حالات پر اور اپنے دوستوں پر خودمختار اور اعلی ہونا چاہتے ہیں،لیکن ہمارا خدا باپ اس سب سے بالاتر ہے۔ اس کے پاس یہ سب کچھ ہے۔اگر ہم اسے اپنی یگانگت کی حقیقی بنیاد مانتے ہیں تو ہمیں اس پر بھروسہ کرنا ہے۔

مثال: اب،ہم سب یہ جانتے ہیں کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم سب ایک ہی باپ کی اولاد ہے۔ اولاد مختلف ہے۔ وہ مختلف چیزیں پسند کرتی ہیں۔ لیکن ایک باپ سے یگانگت میں رہنا انہیں مضبوط بنا دیتا ہے۔مسیحی ہوتے ہوئے ہماری یگانگت کی بنیاد آسمانی باپ پر ہے۔اس کی وجہ سے ہماری یگانگت بہت مضبوط ہے۔

کیونکہ ہمارا آسمانی باپ ہی سب کچھ ہے،اس لیے اس نے ہمیں وہ نعمتیں دی ہیں جن کی ہمیں ضرورت ہے اور جو ہمیں مسیح میں متحد رکھتی ہے۔**اور یہی ہمارا اگلا نقطہ ہے۔**

# 3 ۔ہماری یگانگت کے تحفے
# (آیت7-8)

## مسیح ہمیں یگانگت کے تحفے دیتا ہے۔

آیت 8 زبور 18:68 سےاقتباس ہے۔اس میں جنگ کے ایک مالک کی ایک تصویر ہے جو اپنے دشمنوں کو اس کی فتح کے بعد اسیر بنا کر گرفتار کر لیتا ہے۔ مسیح یسوع ہی وہ ہے جس نے "اسیروں کو رہائی بخشی"۔آپ اور میں اس کی فتح کی ٹرافیاں ہیں۔

مثال: میں بچپن میں فٹبال کھیلتا تھا۔مجھے کبھی کبھی فیفا ورلڈ کپ دیکھ کر مزا آتا تھا۔فائنل میچ دیکھنا اچھا لگتا تھا۔یہ دیکھنا خاص طور پر حیرت انگیز تھا کہ جیتنے والی ٹیم کوٹرافی کیسے دی گئی۔

اب ، یسوع صرف ایک کھیل نہیں جیتا تھا اس نے آپ کی روح کے لئے ایک جنگ جیت لی تھی ہم اس کی فتح کی ٹرافیاں ہیں۔وہ ان تمام تکا لیف میں سے گزرا،ساری تکالیف صرف آپ کو گناہ کی غلامی سے آزاد کرنے کےلئے برداشت کی ،تاکہ آپ ہلاک نہ ہو بلکہ ہمیشہ کی زندگی پائیں۔(یوحنا 16:3)

ہم گناہ کی غلامی سے بچ کر مسیح کے غلام ہو گئے ہیں۔سوا اس کے کہ مسیح اچھا مالک ہے۔ مسیح خدمت کے تحائف کے ساتھ روح القدس ڈالتا ہے۔تاکہ اس کا بدن ترقی پائے۔وہ چاہتا ہے کہ ہم اس کی خدمت کریں۔وہ جانتا ہے کہ ہم اس کی خدمت اس کے بغیر نہیں کر سکتے۔لہذا وہ ہمیں وہ دیتا ہے جس کی ہمیں ضرورت ہے،یعنی، ایک دوسرے کو تعمیر کرنے کےلئے روح القدس اور روحانی تحائف۔ہم اس کا شکر ادا کرتے ہوئے جواب دیتے ہیں جس سے تمام نعمتیں جاری ہوتی ہیں۔

## آیت 8 اور آیت 7 سے ، ہم محسوس کرتے ہیں کہ مسیح فضل کا پیانہ ہے۔

ہم نے وہی وصول کیا جس کے ہم مستحق نہیں ہیں۔ یہ سبھی پھل مسیح کے تحفہ نجات کا ہے۔وہ اپنے کلیسیاکی تعمیر کے لئے یہ ساری نعمتیں دیتا ہے۔دوستو ، فضل کے تحفے خدا کو جلال بخشتے ہیں۔ہم مقابلہ میں نہیں ہیں ،لیکن ہم سب ایک ہی رب کے تحت ایک ہی دوڑ چل رہے ہیں ، ایک ہی خدا ، روح القدس کی طاقت سے۔

**1-کرنتھیوں 7:4 آیت میں ہم پڑھتے ہیں،**

**ا۔کرنتھیوں4: 7**

۔۔۔آپکے پاس کیا ہے جو آپکو نہیں ملا؟ اگر آپ کو موصول ہوا ، آپ کیوں فخر کرتے ہیں جیسے آپ نے اسے قبول نہیں کیا؟

مسیح میں،، ہمارے اتحاد کی بنیاد کے طور پر ہمارے پاس ایک خدا ، ایک رب ، ایک روح ، ایک بپتسمہ ، ایک ایمان ، ایک امید اور ایک جسم ہے۔پولس نہیں چاہتا ہے کہ ہم اپنی یگانگت کو ایماندار کے طور پر نجات کے تحفے سے جدا کریں جو ہمارے پاس مسیح کے ساتھ اپنے اتحاد کے ذریعہ ہے۔ اپنی خدمت کے (**τοῖς ἀνθρώποις** = اختتام پر ،اس کا مقصد یہ تھا کہ مسیح مرد اور عورتیں تحائف بخشے

ہم میں سے ہر ایک کے پاس تحائف ہیں۔ یہاں کوئی چھوٹا اور بڑا تحفہ نہیں ہے۔ مسیح ہمیں تحائف دیتا ہے جو وہ ہمارے لئے موزوں نظر آتا ہے۔ہم ہی کام نہیں کرتے ہیں اور پھر بھی ہم مسیح کے ایک بدن کی خدمت کرتے ہیں۔ اسی وجہ سے ، ہم ایک دوسرے کی عاجزی اور صبر کے ساتھ خدمت کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔اسی طرح ہم مسیح کو جلال دیتے ہیں۔

مثال: ہما ری کوائر اس کی ایک عمدہ مثال ہے کہ کس طرح مختلف نعمتیں خدا کی ستائش کر سکتی ہے۔ میں گاتا ہو اور گٹار بجاتا ہو،لیکن میں ڈرم بجا نہیں سکتا۔کاشف کی طرح کم آواز میں نہیں گاتا۔ اور نہ ہی میں عورتوں کی طرح گاونگا کیونکہ یہ عورتوں کو دی جانے والی آوازیں ہیں۔لیکن جس وقت ہم ان آوازوں کو یگانگت میں لاتے ہیں،ہم سب مل کر خدا کی پرستش کرنے کا لطف اٹھائیں گے، خدا نے جو مختلف تحائف ہمیں دیئے ہیں وہ برکت اور مسرت کا ذریعہ بنتے ہیں جب ہم مل کر اس کی تعظیم کرتے ہیں۔

## نتیجہ

پولس کی طرح ہم بھی زیادہ فضل کےلئے دعا کریں تاکہ ہم اپنے مسیحی چال چلن میں خدا کو خوش کرنے کے قابل ہو سکیں۔ اتحاد اور امن کے رشتوں کو برقرار رکھنا، سچی محبت اور ایک دوسرے کی خدمت میں،یک آواز کے ممبر کی حثیت سے،خدا اتحاد کو قائم رکھنے میں آپکی مدد کرے۔

## آیئے دعا کریں

اے باپ،آپ کےکلام کےلئے شکریہ۔روح القدس کی تخلیقِ نو کے ذریعے مسیح یسوع میں نجات کے تحفے کےلئے۔پانی کے بپتسمہ سے ہمیں زندہ کرنے کےلئے شکریہ۔جیسا کہ آپ نے ہمارے لئے کیا کیا اس کے بارے میں ہمیں سوچنے،محسوس کرنے اور اس پر عمل کرنے میں مدد ملتی ہے۔ ہمیں عاجزی ، شائستگی ، صبر اور تحمل سے چلنے کے قابل بنائیں جب ہم آپ کے بلاوےکا جواب دیتے ہیں ، عبادت میں خوش ہوں اور قوموں تک پہنچیں ،، ہماری پڑوسی جماعتوں سے شروع کریں۔ ہمارا سب سے آخر کار ہم آپ کو ہمیشہ اور ایک ساتھ مل کر لطف اندوز کرکے آپ کی شان و شوکت بنائے۔ ہم یہ سب یسوع کے نام پر دعا کرتے ہیں۔آمین!